## سوال

(855) کیا اصحابِ کہف کا کتا بھی جنت میں جائے گا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کچھ لوگوں کو کہتے سنا گیا ہے کہ اصحابِ کہف کا کتا بھی جنت میں جائے گا۔ کیا یہ درست ہے؟ (سائل)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ بات بلا اصل اور بے بنیاد ہے کہ اصحاب کہف کا کتا جنت میں جائے گا۔ کتاب و سنت میں اس کا کوئی استناد نہیں۔ البتہ رطب ویابس کے جامع مفسرین نے اس واقعہ کو ذکر کیا ہے۔ ملاحظہ ہو: تفسیر خازن (۳/۲۰۲) وغیرہ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**جلد:3، متفرقات: صفحہ:584**

محدث فتویٰ